سیکھنے سکھانے کے

# حلقوں کا جدول

# بیوی کے 3 حقوق

(قسطِ اوّل)

17 اپریل 2025



## سیکھنے سِکھانے کے حلقوں کا جدول

(1): مختلف مَوضوعات پر مختصر بیان: 5 منٹ (2): دُعا یاد کرنا: 5 منٹ (3): جائزہ: 5 منٹ۔ کُل دورانیہ: 15 منٹ

آج کے سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں بیوی کے 3 حقوق قسط اول سکھائے جائیں گے اور نیا لباس پہنتے وقت کی دعا یاد کروائی جائے گی۔ اور آخر میں نیک اعمال کے رسالے سے اجتماعی جائزہ بھی لیا جائے گا۔ اِنْ شآءَ اللّٰہُ الکَرِیْم!

## دُرُود شریف کی فضیلت

فرمانِ آخری نبی، رسولِ ہاشمی صلی اللہ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم: جو مجھ پر ایک دن میں ایک ہزار بار درود پاک پڑھے گا وہ اس وقت تک نہیں مرے گا جب تک جَنَّت میں اپنا مقام نہ دیکھ لے۔ [1]

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب! صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

## بیوی کے 3 حقوق قِسط اوّل

### آیتِ مبارکہ

اللہ پاک فرماتا ہے:

وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِیْ عَلَیْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ۪

(پارہ: 2، البقرہ: 228)

ترجمۂ کنز العرفان: اور عورتوں کے لئے بھی مردوں پر شریعت کے مطابق ایسے ہی حق ہے جیسا (ان کا) عورتوں پر ہے۔

یعنی جس طرح عورتوں پر شوہروں کے حقوق ادا کرنا واجب ہے اسی طرح شوہروں پر عورتوں کے حقوق کی ادائیگی لازم ہے۔ [2]

### فرمانِ مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

پیارے آقا مکی مدنی مصطفےٰ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا: لوگوں میں بدترین وہ شخص ہے جو اپنے اہلِ

1 ... الترغیب فی فضائل الاعمال، باب مختصر من الصلاۃ... الخ، صفحہ: 14، حدیث: 19۔

2 ... تفسیر خزائن العرفان، پارہ: 2، سورۃ البقرہ، تحت الآیت: 128۔

خانہ پر تنگی کرتا ہے، عرض کیا گیا: یارسولَ اللہ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم! تنگی کرنے والا کیسے تنگی کرتا ہے؟ فرمایا: جب وہ گھر میں داخل ہوتا ہے تو اسکی بیوی اس سے ڈر جاتی ہے، اس کا بچہ بھاگ جاتا ہے، جیسے ہی وہ گھر سے باہر نکلتا ہے اس کی بیوی اور دیگر گھر والے خوش ہو جاتے ہیں (گویا ان پر سے کوئی مصیبت ٹل گئی ہو)۔[1]

## بیوی کے 3 حقوق

انسان کے اہم ترین رشتوں میں سے شوہر اور بیوی کا رشتہ بھی ہے، اسلام نے میاں بیوی کے بہت سے حقوق بیان فرمائے ہیں، جن کو ادا کرنا بہت ضروری ہے کہ بعض اوقات میاں بیوی کا ایک دوسرے کے حقوق کا خیال نہ رکھنے کی وجہ سے گھر ٹوٹ جاتا ہے، آج ہم بیوی کے 3 حقوق سیکھنے کی سعادت حاصل کریں گے۔

**پہلا حق:** مہر ادا کرنا

**وضاحت:** مہر ادا کرنا واجب ہے۔[2] قرآن کریم میں ہے۔

| | |
|---|---|
| فَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ فَرِیْضَةًؕ (پارہ:5، النساء:24) | **ترجمہ کنزالعرفان:** ان کے مقررہ مہر انہیں دیدو۔ |

مہر کی کم از کم مقدار 10 درہم یعنی 2 تولے، ساڑھے 7 ماشے چاندی یا اس کی قیمت ہے،[3] چاندی کی قیمت کم زیادہ ہوتی رہتی ہے، لہٰذا قیمت میں اس دن کا اعتبار ہے جس دن نکاح ہوا، مثلاً 10 اپریل 2025 کو چاندی کی قیمت: 3161 روپے فی تولہ ہے۔ اس لحاظ سے مہر کی کم از کم مقدار تقریباً 8298 روپے بنتی ہے۔

**دوسرا حق:** نفقہ (یعنی اَخراجات) دینا

**وضاحت:** نفقہ میں 3 چیزیں شامل ہیں: ❁ کھانا، پینا ❁ کپڑے ❁ اور رہنے کا مکان۔[4] سال میں

---

1 ... معجم اوسط، جلد:6، صفحہ:687، حدیث:8798۔
2 ... فتاوی اہلسنت، فتوی نمبر: pin:5797۔
3 ... فتاوی رضویہ، جلد:12، صفحہ:162، ملخصاً۔
4 ... بہار شریعت، جلد:2، صفحہ:260، ملخصاً۔

کپڑوں کے 2 جوڑے دینا واجب ہے۔[1] اور بیوی کی رہائش (یعنی کم از کم الگ کمرے) کا انتظام بھی شوہر کے ذمہ واجب ہے۔[2]

**تیسرا حق:** اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَر (نیکی کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا)

**وضاحت:** بیوی کے حقوق میں سے یہ بھی ہے کہ شوہر اسے ❁ نیکی کی دعوت دیتا رہے ❁ اور برائی سے منع کرتا رہے اسے ❁ نماز ❁ روزہ ❁ تلاوت قرآن وغیرہ دیگر نیک کاموں کا حکم دے ❁ بے پردگی وغیرہ برے کاموں سے روکے۔ قرآن کریم میں ہے۔

| | |
|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْۤا اَنْفُسَكُمْ وَ اَهْلِيْكُمْ نَارًا (پارہ:.. التحریم:06) | **ترجمہ کنز العرفان:** اے ایمان والو! اپنی جانوں اور اپنے گھر والوں کو آگ سے بچاؤ۔ |

پیارے آقا مکی مدنی مصطفےٰ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّم نے ارشاد فرمایا: آدمی اپنے اہل و عیال کا نگران ہے، اس سے اس کے اہل و عیال کے بارے میں پوچھا جائے گا۔[3]

## دوہرائی

آج ہم نے بیوی کے 3 حقوق سیکھے: (1): مہر ادا کرنا (2): نفقہ (یعنی اخراجات) دینا (3): اَمْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهْيٌ عَنِ الْمُنْكَر (نیکی کا حکم دینا اور برائی سے منع کرنا)۔

## سیکھنے سکھانے کے حلقوں میں یاد کروائی جانے والی دعا

### نیا لباس پہنتے وقت کی دعا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ مَاۤ اُوَارِيْ بِهٖ عَوْرَتِيْ وَ اَتَجَمَّلُ بِهٖ فِيْ حَيَاتِيْ

**ترجمہ:** اللہ پاک کا شکر ہے جس نے مجھے وہ کپڑا پہنایا جس سے میں اپنا ستر چھپاتا ہوں اور زندگی میں

---

1 ... بہار شریعت، جلد:2، صفحہ:266۔

2 ... بہار شریعت، جلد:2، صفحہ:260، ملخصاً۔

3 ... بخاری، کتاب الجمعہ، باب الجمعۃ فی القری والمدن، صفحہ:274، حدیث:893۔

اس سے زینت حاصل کرتا ہوں۔[1]

# اجتماعی جائزے کا طریقہ (72 نیک اعمال)

## یومیہ 56 نیک اعمال:

(1): اچھی اچھی نیتیں کیں؟ (2): پانچوں نمازیں باجماعت ادا کیں؟ (3): ہر نماز سے قبل نماز کی دعوت دی؟ (4): رات میں سُورَۃُ الْمُلک پڑھ یا سن لی؟ (5): ہر نماز کے بعد آیۃُ الکرسی، تسبیحِ فاطمہ، سُورَۃُ الْاِخلاص پڑھی؟ (6): کنزُ الایمان سے 3 آیات یا صِراطُ الجنان سے 2 صفحات مع ترجمہ و تفسیر پڑھ یا سن لئے؟ (7): شجرے کے اوراد پڑھے؟ (8): 313 بار دُرُود شریف پڑھے؟ (9): آنکھوں کو گناہوں سے بچایا؟ (10): کانوں کو گناہوں سے بچایا؟ (11): فضول نظری سے بچتے ہوئے نگاہیں نیچی رکھیں؟ (12): 12 منٹ مکتبۃ المدینہ کی اصلاحی کتاب پڑھی؟ (13): اذان و اقامت کا جواب دیا؟ (14): غصے کا علاج کیا؟ (15): اپنا جائزہ کیا؟ (16): اپنے نگران کی اطاعت کی؟ (17): آپ اور جی کہہ کر بات کی؟ (18): مدرسۃ المدینہ بالغان میں پڑھا، یا پڑھایا؟ (19): عشا پ ء کی جماعت سے دو گھنٹے میں گھر پہنچ گئے؟ (20): 2 گھنٹے دینی کاموں پر صَرف کئے؟ (21): فجر کے لئے جگایا؟ (22): دوسروں کے گھروں میں جھانکنے سے بچے؟ (23): گھر درس ہوا؟ (24): مسجد درس دیا یا سُنا؟ (25): سنّت کے مُطابِق لباس پہنا؟ (26): زلفیں رکھنے کی سنّت پر عمل ہے؟ (27): ایک مشت داڑھی ہے؟ (28): گناہ ہونے کی صورت میں فوراً توبہ کی؟ (29): سنّت کے مُطابِق کھانا کھایا؟ (30): مسلمانوں کو سلام کیا؟ (31): کچھ نہ کچھ سنتوں پر عمل کیا؟ (32): ظہر کی سنتِ قبلیہ فرض سے پہلے ادا کیں؟ (33): تہجُّد یا صلوٰۃُ اللیل پڑھی؟ (34): اَوّابین یا اِشْراق و چاشت پڑھیں؟ (35): عصر یا عشا کی سنتِ قبلیہ پڑھیں؟ (36): 12 دینی کاموں میں سے ایک دینی کام کی ترغیب دلائی؟ (37): دوسروں سے مانگ کر چیزیں تو استعمال نہیں کیں؟ (38): جھوٹ، غیبت اور چغلی سے بچے؟ (39): کچھ نہ کچھ وقت مَدَنی چینل دیکھا؟ (40): ذاتی دوستی تو نہیں کی؟ (41): وقت پر قرض ادا کر دیا؟ (42): عاجزی کے ایسے الفاظ تو نہیں بولے جن کی تائید دل نہ کرے؟ (43): صفائی اور سلیقے کا خیال رکھا؟ (44): مسلمانوں کے عُیُوب کی پردہ پوشی کی؟ (45): بعدِ فجر تفسیر سننے / سنانے کے حلقے میں شرکت کی؟ (46): کچھ نہ

[1] ...ترمذی، احادیث شتی، باب من ابواب الدعوات، صفحہ: 314، حدیث: 3560۔

کچھ جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھی؟ (47):چوک درس دیا یا سنا؟ (48):والدین اور پیر و مرشد کو ایصالِ ثواب کیا؟
(49):اِسْرَاف سے بچے؟ (50):ٹریفک قوانین کی پابندی کی؟ (51): تنظیمی طریقہ کار کے مُطابِق مسئلہ حل کیا؟
(52):زبان کے گناہوں سے بچے؟(53):فضول باتوں سے بچے؟(54):مذاق مسخری، طنز، دل آزاری اور قہقہہ لگانے سے بچے؟(55):عمامہ شریف باندھا؟(56):ماں باپ کا اَدَب کیا؟

## قفلِ مدینہ کارکردگی

❁لکھ کر گفتگو12 مرتبہ❁اشارے سے گفتگو12 مرتبہ❁نگاہیں گاڑے بغیر گفتگو12 مرتبہ۔

## ہفتہ وار 9 نیک اعمال

(57):اسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع میں کسی نہ کسی اسلامی بہن کو گھر سے بھیجا؟(58):ہفتہ وار مَدَنی مُذاکَرہ دیکھا یا سنا؟(59):ہفتہ وار اجتماع میں اوّل تا آخر شرکت ہوئی؟(60):یومِ تعطیل اِعْتِکاف کیا؟(61):مریض یا دکھیارے کی عیادت یا غم خواری اور کسی کے انتقال پر تعزیت کی؟(62):ہفتے میں کسی بھی دن روزہ رکھا؟(63):ہفتہ وار رسالہ پڑھا یا سنا؟(64):علاقائی دورہ کیا؟(65):پہلے آنے والے اور اب نہ آنے والے اسلامی بھائی کو دینی ماحول سے وابستہ کیا؟